HBL PSL 6 2021

MATCH DIKHAO
20 FEB - 22 MAR

# ایچ بی ایل پی ایس ایل 2021: ٹیموں کی ٹریننگ اور میڈیا کانفرنسز کا شیڈول جاری

- کوویڈ 19 پروٹوکولز کے تحت معزز میڈیا نمائندگان کو صرف نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں منعقدہ ٹریننگ سیشنز کی کوریج کی اجازت ہوگی

**کراچی،12 فروری 2021ء:**

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2021 کا آغاز بیس فروری سے ہوگا۔ ایونٹ کی پہلی لیگ سات مارچ تک نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں جاری رہے گی۔ ٹورنامنٹ کے آغاز سے قبل تمام ٹیمیں کوویڈ 19 پروٹوکولز کے تحت ٹریننگ سیشنز اور ورچوئل میڈیا سیشنز میں شرکت کریں گی۔

پی سی بی کے کوویڈ 19 پروٹوکولز کے تحت معزز میڈیا نمائندگان کو صرف نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں منعقدہ ٹریننگ سیشنز کی کوریج کی اجازت ہوگی۔

پی سی بی کی جانب سے پری ٹورنامنٹ ورچوئل میڈیا سیشنز کا اہتمام کیا جائے گا جبکہ ہر میچ کے اختتام پر عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے کھلاڑیوں کے انٹرویوز واٹس گروپ میں شیئر کردیئے جائیں گے۔ ایونٹ سے قبل منعقد کی جانے والی پریس کانفرنسز اور پوسٹ میچ ویڈیو انٹرویوز کو صرف ادارتی مقاصد کے لیے استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔

**تمام ٹیموں کے میڈیا مینیجرز:**

اسلام آباد یونائیٹڈ: زخرف خان (00923215347168)
کراچی کنگز: فیصل مرزا(00923058110110)
لاہور قلندرز: ثمین رانا(00923004355555)
ملتان سلطانز: حیدر اظہر(00923004202432)
پشاور زلمی: عبدالغفار(00923212953098)
کوئٹہ گلیڈی ایٹرز: نبیل ہاشمی(00923453469946)

پی سی بی کے میڈیا منیجر عماد حمید(03018452417) نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں میڈیا آپریشنز کی نگرانی کریں گے جبکہ شکیل خان(03018440284) 14 سے 20 فروری تک ان کی معاونت کے لیے وہاں موجود ہوں گے۔

اس حوالے سے ٹیموں کی ٹریننگ اور میڈیا کانفرنسز کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں تاہم ناگزیر وجوہات کی بناء پر اس شیڈول میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ میڈیا نمائندگان سے گزارش ہے کہ وہ تمام ٹیموں کے میڈیا منیجرز سے رابطے میں رہیں۔

**پیر، 15 فروری:**

سہ پہر 3 بجے: پشاور زلمی کا حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر اور نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں ٹریننگ سیشن کا آغاز
رات 7:30 بجے: ملتان سلطانز اور کراچی کنگز کے حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر اور نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں ٹریننگ سیشنز کا آغاز

**منگل، 16 فروری:**

صبح 11 بجے: لاہور قلندرز اور پشاور زلمی کی ورچوئل میڈیا سیشنز میں شرکت
سہ پہر 3 بجے: کوئٹہ گلیڈی ایٹرز، لاہور قلندرز اور پشاور زلمی کے نیشنل اسٹیڈیم کراچی اور حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر میں ٹریننگ سیشنز کا آغاز

رات 7:30 بجے: ملتان سلطانز اور اسلام آباد یونائیٹڈ کے نیشنل اسٹیڈیم کراچی اور حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر میں ٹریننگ سیشنز کا آغاز

رات 7:30 بجے: ڈی ایچ اے معین خان اکیڈمی میں کراچی کنگز کے ٹریننگ سیشن کا آغاز

**بدھ، 17 فروری:**

صبح 11 بجے: اسلام آباد یونائیٹڈ اور ملتان سلطانز کی ورچوئل میڈیا سیشنز میں شرکت

سہ پہر 3 بجے: ملتان سلطانز اور اسلام آباد یونائیٹڈ کے نیشنل اسٹیڈیم کراچی اور حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر میں ٹریننگ سیشنز کا آغاز

رات 7:30 بجے: نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور پشاور زلمی کے مابین پریکٹس میچ

رات 7:30 بجے: ڈی ایچ اے معین خان اکیڈمی میں کراچی کنگز اور لاہور قلندرز کے مابین پریکٹس میچ

**جمعرات، 18 فروری:**

صبح 11 بجے: کراچی کنگز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کی ورچوئل میڈیا سیشنز میں شرکت

سہ پہر 3 بجے: نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں لاہور قلندرز اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے مابین پریکٹس میچ

رات 7:30 بجے: نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کراچی کنگز اور اسلام آباد یونائیٹڈ کے مابین پریکٹس میچ

رات 7:30 بجے: ڈی ایچ اے معین خان اکیڈمی میں ملتان سلطانز اور پشاور زلمی کے مابین پریکٹس میچ

**جمعہ، 19 فروری** (نیشنل اسٹیڈیم کراچی کے پریس کانفرنس ایریا میں پی سی بی کی ممکنہ پریس کانفرنس، تفصیلات مناسب وقت پر جاری کردی جائیں گی):

سہ پہر 3 بجے: پشاور زلمی، لاہور قلندرز اور اسلام آباد یونائیٹڈ کے نیشنل اسٹیڈیم کراچی اور حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر میں ٹریننگ سیشنز کا آغاز

رات 7:30 بجے: نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز اور کراچی کنگز کے پریکٹس سیشنز کا آغاز

رات 7:30 بجے: ڈی ایچ اے معین خان اکیڈمی میں ملتان سلطانز کے پریکٹس سیشنز کا آغاز

ٹورنامنٹ کے دوران تمام ٹیمیں نان میچ ڈیز پر اپنی ٹریننگ کا سلسلہ جاری رکھیں گی، اس حوالے سے ٹیموں کے میڈیا منیجرز سے رابطے میں رہیں۔

**ٹاس اور میچ کے آغاز کے اوقات:**

ہفتے سے جمعرات تک: ڈے میچز کا آغاز دوپہر 2 بجے ہو گا، نائٹ میچز رات 7 بجے شروع ہوں گے۔ ہر میچ کے آغاز سے 30 منٹ قبل ٹاس ہو گا۔

جمعے کو ہونے والے ڈبل ہیڈر کا پہلا میچ سہ پہر 3 بجے جبکہ دوسرا میچ رات 8 بجے شروع ہو گا۔ ہر میچ کے آغاز سے 30 منٹ قبل ٹاس ہو گا۔

**میڈیا ایکریڈیشن پاسز:**

میڈیا نمائندگان اپنے ایکریڈیشن پاسز 15 فروری کو صبح 10 سے شام 5 بجے تک نیشنل ہائی پرفارمنس سنٹر سے اپنے ایکریڈیشن پاسز وصول کرسکتے ہیں۔

تمام میڈیا نمائندگان کی کوویڈ 19 ٹیسٹنگ 19 فروری کو ہو گی، ٹیسٹ کے نتائج منفی آنے کی صورت میں ہی انہیں ایکریڈیشن پاس جاری کیا جائے گا۔

-ENDS-

Media contact:

**Ibrahim Badees Muhammad**
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

**PCB Headquarters**
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4